BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سٹیزن ایڈوائزری کمیٹیوں، بورڈز اور ٹربیونلز کے لیے درخواستیں وصول کی جا رہی ہیں

کمیونٹی کے لیے دل میں جذبہ رکھنے والے برامپٹن کے رہائشیوں کو 2022-2026 کی مدت کے لیے درخواست دینے کی ترغیب دی جاتی ہے

برامپٹن، آن (2 فروری 2023) – شہر کی تعمیر کا جذبہ رکھنے والے اور ہماری کمیونٹی کے مستقبل کی تشکیل میں مدد دینے میں دلچسپی رکھنے والے رہائشیوں کو سٹی آف برامپٹن کی ایڈوائزری کمیٹیوں، بورڈز اور ٹربیونلز میں کونسل کی مدت برائے 2022-2026 کے لیے درخواست دینے کی دعوت دی جاتی ہے۔

ان گروپس کے اراکین ہمارے شہر میں مثبت فرق پیدا کرتے ہیں اور مقامی حکومت کے فیصلوں میں براہ راست شامل ہوتے ہیں۔ ایڈوائزری کمیٹیاں، بورڈز اور ٹربیونلز میئر اور کونسل کو برامپٹن کے شہریوں کے لیے اہم نوعیت کے مسائل سے آگاہ کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ ہمارے شہر کو رہائش، کام اور کھیلوں کی شاندار جگہ بنانے کے فیصلوں میں، عوامی شرکت انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔

درج ذیل کے لیے درخواستیں اب وصول کی جا رہی ہیں:

شہریوں پر مبنی مشاورتی کمیٹیاں اور ایسے بورڈز جن میں خالی اسامیاں موجود ہیں:

- ایکسیسیبلٹی ایڈوائزری کمیٹی
- ایکٹو ٹرانسپورٹیشن ایڈوائزری کمیٹی
- برامپٹن ہیریٹیج بورڈ
- برامپٹن لائبریری بورڈ
- برامپٹن کمیونٹی سیفٹی ایڈوائزری کمیٹی
- برامپٹن اسکول ٹریفک سیفٹی کاؤنسل
- برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم کمیٹی
- انوائرنمنٹ ایڈوائزری کمیٹی

تجاویز دینے والی کمیٹیاں، ایڈمنسٹریٹو ٹریبیونلز اور دیگر تعیناتیاں:

- ایڈمنسٹریٹو مانٹری پینلٹی سسٹم ہیئرنگ ریویو آفیسر
- برامپٹن اپیل ٹریبیونل
- کمیٹی آف اڈجسٹمنٹ
- الیکشن کمپلائنس آڈٹ کمیٹی
- پراپرٹی اسٹینڈرڈز کمیٹی

درخواست فارم تک رسائی حاصل کرنے اور مزید تفصیلات، بشمول قابلیت اور ذمہ داریوں کے لیے یہاں کلک کریں۔ درخواستیں 28 فروری 2023 کو شام 4:30 بجے تک لازمی موصول ہو جانی چاہیں۔

کونسل کے کم از کم تین ممبران پر مشتمل کمیٹی درخواست دہندگان کے انٹرویو کرے گی اور پھر مارچ کے مہینے میں میئر اور کونسل کو ان تقرریوں کے بارے میں اپنی سفارشات پیش کرے گی۔

مانگے جانے پر درخواستوں کے متبادل فارمیٹ دستیاب ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم رابطہ کریں:

سٹی کلرک کا دفتر

برامپٹن سٹی ہال
2 ویلنگٹن سٹریٹ ویسٹ، برامپٹن، ON L6Y 4R2
905-874-2100, cityclerksoffice@brampton.ca

اقتباس

"شہریوں کی تقرری اس حوالے سے نہایت اہم کردار ادا کرتی ہے کہ ہم مستقبل کے لیے اپنی منصوبہ بندی کس طرح کرتے ہیں۔ گڈ گورننس اور ترقی کے لیے فیصلہ سازی کے عمل میں عوام کی شرکت بہت ضروری ہے۔ ایک ساتھ مل کر، ہم برامپٹن کو ممکنہ حد تک بہترین بنا سکتے ہیں۔ ہمارے شہر کے لیے آج کو خوبصورت بنانے اور ایک شاندار کل کی تعمیر میں مدد دینے کے لیے، براہ کرم اپنا نام پیش کرنے پر غور کریں۔"

- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca